24جون2026ء

27سے 30جون2026ءتک سرکاری ڈیوٹیز/ٹیکسز کی وصولی

ٹیکس دہندگان کو سرکاری ڈیوٹیز/ٹیکسز کی ادائیگی میں سہولت فراہم کرنے کی غرض سے فیڈرل بورڈ آف ریونیو(FBR) کی درخواست پر یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ بینکوں کی وہ **تمام شاخیں (بشمول کسٹمز وصولی کے معاملات دیکھنے والی این بی پی شاخیں) جو ہفتے کو کھلی رہتی ہیں**، وہ اوور دی کاؤنٹر ادائیگی کی سہولت کے ذریعے ٹیکسوں کی وصولی کے لیے **ہفتہ 27جون2026ء کو صبح 9:00بجے سے شام 5:00بجے تک** کھلی رہیں گی۔

کمرشل بینکوں کی **تمام شاخیں (بشمول کسٹمز وصولی کے معاملات دیکھنے والی این بی پی شاخیں)** درج ذیل توسیع شدہ اوقاتِ کار میں کھلی رہیں گی۔

1۔ پیر29جون2026ء کو رات 08:00 بجے تک

2۔ منگل 30جون2026ء کو رات 10:00 بجے تک

3۔ منگل30جون2026ء کو رات 11:59 تک (**صرف کسٹمز وصولی کے معاملات دیکھنے والی این بی پی شاخیں**)

مزید برآں، بینکوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ نفٹ (NIFT) کے ذریعے کی جانے والی سرکاری ٹرانزیکشنز کی خصوصی کلیئرنگ میں سہولت کے لیے، مذکورہ بالا شیڈول کے مطابق جب تک ضرورت ہو اپنی متعلقہ برانچیں کھلی رکھیں۔ بینک اپنے آن لائن ادائیگی کے ذرائع یعنی انٹرنیٹ بینکنگ، موبائل بینکنگ ایپلی کیشنز، اے ٹی ایم اور دیگر ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کی بلاتعطل دستیابی کو بھی یقینی بنائیں گے تاکہ سرکاری ڈیوٹیز اور ٹیکسوں کی آن لائن ادائیگی کو ممکن بنایا جاسکے۔

****